بچی کا نام "کوثر" رکھنا

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1728

تاریخ اجراء: 11 ربیع الاول 1446ھ/14 ستمبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام کوثر رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کوثر نام رکھنا جائز اور معنیٰ کے اعتبار سے درست ہے کہ اس کا معنیٰ "خیر کثیر" ہے، اور بعض احادیث کے مطابق جنت میں موجود ایک نہر کا نام بھی "کوثر" ہے۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنھن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

لغت کی معتبر کتاب لسان العرب میں ہے: "الکوثر۔۔۔ معناہ الخیر الکثیر" ترجمہ: کوثر کا معنیٰ خیر کثیر ہے۔ (لسان العرب، ج 5، ص 133، دار صادر، بیروت)

سنن الترمذی میں ہے "عن عبد اللہ بن عمر، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الکوثر نھر في الجنة" ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوثر، جنت میں موجود ایک نہر ہے۔ (سنن الترمذی، رقم الحدیث 3361، ج 5، ص 449، مطبوعہ مصر)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم

الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگانِ دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net